SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

April 4, 2019

ایس ای سی پی کا جام شورو سندھ میں کمپنی رجسٹریشن پر آگہی ورکشاپ

اسلام آباد(4 اپریل) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کی رجسٹریشن سے متعلق آگہی فراہم کرنے کے لئے جام شورو، سندھ میں ورکشاپ منعقد کی اور نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن کے لئے سہولت ڈیسک میں قائم کیا۔ایس ای سی پی کے انویسٹرایجوکیشن پروگرام جمع پونجی کے تحت یہ ورکشاپ انڈس انٹرپینیور کے تعاون سے جام شورو میں واقع تخلیقی مرکز(Innovation Hub) میں منعقد کی گئی جبکہ اس دوران موقع پر ہی سہولت ڈیسک کے ذریعے چھ کمپنیوں کی رجسٹریشن بھی کی گئی۔ دی انڈس انٹرپینیورز کے اس تخلیقی مرکز میں انکیوبیشن پروگرام، ٹریننگ، کاروباری مقابلے اور سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائیزیز کے فروغ کے پرا گرام منعقد کئے جاتے ہیں۔

اس دوروزہ کمپنی رجسٹریشن کے پروگرام کا مقصد جام شورو کے نوجوان انٹرپینیورز میں کمپنی کی رجسٹریشن کے طریق کار بارے آگہی اور اس کے فوائد اور ایس ای سی پی کے کردار بارے آگہی دینا تھا۔ ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن آفس کراچی کی ٹیم نے شرکاء کو کمپنی کی رجسٹریشن کے آن لائن طریق کار کے بارے میں بتایا اور موقع پر کمپنیوں کی رجسٹریشن مکمل کر کے شعور اجاگر کیا گیا کہ کمپنی کی رجسٹریشن نہایت آسان بنا دی گئی ہے۔ اس دوران رجسٹر کی گئی کمپنیاں ای کامرس، ڈیجیٹل وڈیو پروڈکشن اور پرسنل کیئر سروسز سے شعبے میں رجسٹر کی گئیں۔ اسی طرز پر اگلا سیشن جنوبی پنجاب کے شہر لیہ میں منعقد کیا جائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005